متروکہ وقف املاک بورڈ، حکومتِ پاکستان

نیلام عام

30 سالہ لیز برائے ترقیاتی پروجیکٹ (تجارتی/رہائشی)

بذریعہ اخباری اشتہار ہذا عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متروکہ وقف املاک بورڈ، حکومتِ پاکستان اپنی ملکیتی جائیداد نمبر OT-8/64 رقبہ تعدادی 420 مربع گز (تجارتی / رہائشی) واقع نزد مصطفیٰ مسجد، کاغذی بازار، میٹھادر، اولڈٹاؤن کوارٹرز، کراچی کو متروکہ وقف جائیداد ہائے کی اسکیم 1977 کی شق C-18 کے تحت 30 سالہ لیز/ ڈویلپمنٹ کیلئے ماہوار کرایہ داری پر رہائشی و تجارتی مقاصد کیلئے دینا چاہتا ہے خواہشمند حضرات اس سنہری موقع سے مستفید ہونے کیلئے تاریخ مقررہ پر نیلام عام میں حصہ لے سکتے ہیں۔ جائیداد ہذا "جہاں ہے جیسی ہے" کی بنیاد پر نیلام کی جائے گی۔

تفصیل جائیداد

تاریخ نیلام: پہلی تاریخ نیلام مورخہ **16-05-2024** کو نیلامی نہ ہونے کی صورت یا کم بولی موصول ہونے کی صورت میں دوبارہ نیلام عام مورخہ **22-05-2024** کو اور تیسری تاریخ نیلام مورخہ **29-06-2024** چوتھی نیلام مورخہ **12-06-2024** اور پانچواں نیلام مورخہ **26-06-2024** کو منعقد ہوگا۔

نیلام بمقام: دفتر ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر، متروکہ وقف املاک (شہری)، **JM-161** ٹرسٹ ہاؤس پرانی نمائش چورنگی ایم۔اے جناح روڈ، کراچی

جائیداد نمبر	رقبہ تعدادی	محل وقوع/ واقع	کم از کم سرکاری بولی NRS (نا قابلِ واپسی)	ماہوار کرایہ بعد از تکمیل پروجیکٹ یا مدت تعمیر مکمل ہونے پر بمطابق اربن اسکیم 1977 کٹیگری A کے تحت منزل وار لاگو ہوگا۔
OT-8/64	420 مربع گز (3780 مربع فٹ)	نزد مصطفیٰ مسجد کاغذی بازار، میٹھادر اولڈ ٹاؤن کوارٹرز، کراچی	Rs.76,86,000/- روپے (چھتر لاکھ چھیاسی ہزار روپے)	گراؤنڈ فلور -/Rs.12 فی مربع فٹ پہلی منزل -/Rs.8 فی مربع فٹ میزنائن/ دوسری منزل -/Rs.6 فی منزل بیسمنٹ -/Rs.4 فی مربع فٹ دیگر منازل -/Rs.3 فی مربع فٹ

شرائط وضوابط۔

01. نیلام عام بوقت دن **10:00** بجے منعقد ہوگا۔

02. نیلام عام میں حصہ لینے کے خواہشمندان کیلئے ضروری ہے کہ وہ سرکاری بولی (نا قابلِ واپسی سیکورٹی/NRS) کا **10%** بذریعہ پے آڈر، بینک ڈرافٹ، کال ڈیپازٹ، بنام ایڈمنسٹریٹر، متروکہ وقف املاک (حلقہ جنوبی)، کراچی ہمراہ لائیں۔

03. ماسوائے کامیاب بولی دہندہ کے تمام بولی دہندگان کے پے آڈر، بینک ڈرافٹ، کال ڈیپازٹ اُسی دن واپس کردیئے جائیں گے۔

05. کامیاب بولی دہندہ کو آفر کردہ کُل رقم کا **25%** فیصد **07** یوم کے اندر متروکہ وقف املاک بورڈ کے اکاؤنٹ میں جمع کرانے ہوں گے۔ ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں **10%** جمع شدہ سیکورٹی بحق سرکار ضبط تصور ہوگی۔

06. چیئرمین صاحب متروکہ وقف املاک بورڈ کی حتمی منظوری کی اطلاع یابی کے بعد کامیاب بولی دہندہ بقایا رقم اندریں میعاد **15** یوم متروکہ وقف املاک بورڈ کے اکاؤنٹ میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں جمع شدہ تمام رقم بحق سرکار ضبط تصور ہوگی اور نیلامی کی منظوری منسوخ کردی جائے گی۔

07. کامیاب بولی دہندہ جائیداد ہذا پر قائم (super structure) ملبہ کی قیمت محکمہ کی ٹیکنکل برانچ کی جانب سے تعین کردہ قیمت ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

08. کامیاب بولی دہندہ تمام ادائیگیوں اور بولی کی حتمی منظوری موصول ہونے کے بعد محکمہ سے رائج کردہ شرائط وضوابط پر Lease Agreement کرنے کا پابند ہوگا۔

09. کامیاب بولی دہندہ/ ڈویلپر متعلقہ محکموں KMC/SBCA و دیگر اداروں کی جانب سے N.O.C اندریں 6 ماہ میں حاصل کرنے کا پابند ہوگا۔

10. کامیاب بولی دہندہ/ ڈویلپر تعمیراتی مدت 02 سال کے اندر مکمل کرنے کا پابند ہوگا بعد از تکمیل تعمیراتی مدت کامیاب بولی دہندہ/ ڈویلپر نئی شرح ماہوار کرایہ سے کرایہ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

11. کامیاب بولی دہندہ/ ڈویلپر تعمیراتی مدت 02 سال تک جائیداد کا کرایہ مبلغ -/60,000 روپیہ ماہوار ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ بعد از تکمیل تعمیراتی مدت یا تکمیل پروجیکٹ (جو بھی پہلے ہو) کامیاب بولی دہندہ/ ڈویلپر نئی شرح ماہوار کرایہ سے کرایہ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

12. کامیاب بولی دہندہ/ ڈویلپر تعمیراتی مدت/ تکمیل پروجیکٹ (جو بھی پہلے ہو) کے 6 ماہ کے اندر نئے کرایہ داران کی (Induciton) اندراج کرانے کا پابند ہوگا بعد از مدت چھ ماہ باقی ماندہ سب یونٹ ہائے (اگر ہوں تو) انکا اندراج اپنے نام کرانے کا پابند ہوگا۔

13. چیئرمین، متروکہ وقف املاک بورڈ کوئی وجہ بتائے بغیر بولی کو کسی بھی وقت ملتوی، منسوخ یا مسترد کرنے کے مجاز ہونگے۔

14. جائیداد جیسی ہے جہاں ہے کی بنیاد پر نیلام کی جائے گی اور کامیاب بولی دہندہ جائیداد مذکورہ سے متعلقہ تمام ذمہ داریوں (Liabilities) کے ساتھ قبول کرے گا اور جائیداد سے متعلق دیگر محکمہ جات کے واجبات وغیرہ ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

15. لیز ڈویلپمنٹ متروکہ وقف املاک بورڈ کے انتظام وانصرام ایکٹ XIII مجریہ 1975 اور ذیلی اربن اسکیم 1977 کے تابع ہوگی اور کامیاب بولی دہندہ محکمہ کے رائج تمام قوانین، شرائط وضوابط اور ان میں ہونی والی وقتاً فوقتاً ہونے والی تبدیلیوں کا پابند ہوگا۔

نوٹ: مزید معلومات دفتری اوقات کار میں دفتر زیر دستخطی سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

المشتہر: ڈپٹی ایڈمنسٹریٹر، متروکہ وقف املاک (شہری)، حکومتِ پاکستان، بمقام JM-161 ٹرسٹ ہاؤس پرانی نمائش چورنگی ایم۔اے۔ جناح روڈ، کراچی فون نمبر 021-99332923۔